سوال

(146) نماز میں سستی کرنے والے کی صحبت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز میں سستی کرنے والے کی صحبت اختیار کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس کی اور کسی بھی دوسرے کافر کی صحبت جائز نہیں ہے۔ ترک نماز بھی چونکہ نبی ﷺ کے اس ارشاد کی وجہ سے کفر ہے کہ ''آدمی اور کفر و شرک کے درمیان فرق، نماز کی وجہ سے ہے۔'' (صحیح مسلم) نیز نبی ﷺ نے فرمایا ہے

''ہمارے اور ان کے درمیان نماز کا عہد ہے، جس نے اسے ترک کر دیا اس نے کفر کیا۔'' (احمد، ابوداود، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، باسناد صحیح) ان اور دیگر دلائل سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی صحبت جائز نہیں۔

مقالات وفتاویٰ ابن باز

صفحہ 252

محدث فتویٰ